خاص تعلیم وسائل



این وائی سی پبلک اسکولز میں معذوری کے حامل طلبا

ہر بچے کی کامیابی این وائی سی پبلک اسکولز کی اولین ترجیح ہے۔ ہم تمام بچوں کے لیے ایک ایسا محفوظ اور خیر مقدم کرنے والا ماحول تخلیق کرنے کے لیے پُرعزم ہیں جس میں بچے تعلیم حاصل کرسکیں، نشو ونما پاسکیں اور پھل پھول سکیں۔

اگر آپ کا بچہ ایک قلم بند معذوری کا حامل ہے، یا اگر آپ کو اپنے بچے کی نشو ونما، تعلیم حاصل کرنے، یا (اس کے) طرزعمل کے متعلق تشویش ہے تو این وائی سی پبلک اسکولز یہاں مدد کرنے کے لیے موجود ہے۔ ہمارے اسکول تمام طلبا کے لیے کھلے ہیں اور ہم معاونتیں فراہم کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں تاکہ آپ کا بچہ کامیاب ہو سکے۔ اسکول کی پیشہ وران کی ایک ٹیم جس میں اساتذہ، ماہرِ نفسیات، جسمانی معالجین، مشیران، اور دیگر افراد شامل ہیں یہ آپ سے اس بارے میں بات چیت کرنے کے لیے ملاقات کریں گے کہ ہم آپ کے بچے کے لیے ایک خیر مقدم کرنے والا بہترین تعلیمی ماحول کس طرح تخلیق کر سکتے ہیں۔ ایک ساتھ مل کر ہم یہ تعین کریں گے کہ آیا آپ کا بچہ مفت خاص تعلیم خدمات، معاونتوں اور پروگراموں کے لیے اہل ہے۔

این وائی سی پبلک اسکولز میں معذوری کے لیے معاونتوں اور خدمات (کے حصول) کے لیے اقدامات

کیا آپ کے پاس اپنے بچے کی معذوری، صحت، فروغ یا تعلیم کے متعلق کوئی بھی دستاویز یا دیگر معلومات ہیں؟ ہم ان کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں! براہِ کرم ان معلومات کا اشتراک کریں۔
schools.nyc.gov/welcomecenters

آپ کے یا خاندانی استقبالیہ مرکز کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کو استعمال کر کے نیا اسکول یا کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کے ذریعے آپ کے بچے کے لیے ایک قابل موازنہ خدمات کا منصوبہ تشکیل دیا جائے گا۔ یہ منصوبہ آپ کے بچے کی فوری معاونت کو یقینی بنائے گا۔

جب آپ کا بچہ اسکول میں شرکت کرنا شروع کردے گا تو ایک ٹیم ایک باضابطہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے لیے تشخیص کی کارروائی کا آغاز کرے گی۔ تشخیصات کے لیے آپ سے تحریری اجازت کی گزارش کی جائے گی، تاکہ خدمات فراہم کنندگان سب سے زیادہ مناسب معاونتوں، پروگراموں، اور خدمات کا تعین کر سکیں۔ ایک ساتھ مل کر آپ ایک انفرادی منصوبہ تشکیل دیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آُپ کے بچے کو عوامی تعلیم تک مکمل اور مساوی رسائی حاصل ہے۔

خاص تعلیم خدمات

معذوری کے حامل طلبا جنہیں خاص تعلیمی خدمات کی ضرورت ہوتی ہے ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) ہوتے ہیں۔ ذیل لنکس خاص تعلیم طریقہ کار کے متعلق تفصیلی معلومات اور وسائل میں آپ کی رہنمائی کریں گے۔ مزید جاننے کے لیے ذیل لنکس کو اسکین کریں۔

پری اسکول اہل خانہ رہنما کتابچہ

اسکول کی عمر (بچوں کے) اہل خانہ کے لیے رہنمائی

انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) طریقہ کار

امدادی ٹکنالوجی

نیو یارک شہر میں خاص تعلیم

ہائی اسکول کے بعد کی زندگی

مخصوص پروگرامز

مدد درکار ہے یا سوالات ہیں؟

schools.nyc.gov/specialeducation | **specialeducation@schools.nyc.gov** | **311**